# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبہ اردو)

**وارننگ**

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1. اگر آپ اپنی امتحانی مشق ہیں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔
2. کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: اردو نثر کے اسالیب (9019) سمسٹر: خزاں 2026

سطح: بی ایس اُردو

## (ہدایت نامہ برائے طلبہ)

براہ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں، البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF یا Word فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی، جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہو گا۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور تنقیدی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

## امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ: 1تا5)

کل نمبر: 100　　　　　　　　　　کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر 1۔ اسلوب کی کتنی اقسام ہو سکتی ہیں؟ بحث کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 2۔ سب رس کا اسلوب ایک منفرد اسلوب ہے۔ دلائل کے ساتھ بحث کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 3۔ غالب کے خطوط، ان کے ذاتی حالات اور عہد کے عکاس ہیں۔ بحث کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 4۔ سر سید کی تصنیفی ادوار کی تفصیل بیان کیجیے، نیز ہر دور کی اہم خصوصیات کا جائزہ لیجیے۔ (20)

سوال نمبر 5۔ شبلی نعمانی کے اسلوب نثر کی خصوصیات کون کون سی ہیں؟ مفصل نوٹ قلم بند کیجیے۔ (20)

## امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ: 6تا9)

کل نمبر: 100　　　　　　　　　　کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر 1۔ حالی کے اسلوب نثر کی خوبیوں اور خامیوں پر تفصیل سے اظہار خیال کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 2۔ نیرنگ خیال کے حوالے سے محمد حسین آزاد کے اسلوب کا جائزہ لیجیے۔ (20)

سوال نمبر 3۔ ابوالکلام آزاد کے اسلوب میں شعری عناصر پر نوٹ لکھیے۔ (20)

سوال نمبر 4۔ آوازِ دوست کے حوالے سے مختار مسعود کے اسلوب کے نمایاں خط و خال پر بحث کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 5۔ حالی سے قبل اردو کے اسالیبِ نثر کا جائزہ لیجیے۔ (20)